## سوال

(459)جنازہ کے سوا ہر نماز کے لئے دعاء استفتاح ہے

## جواب

*السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ*

کیا ہر نماز میں دعاء استفتاح پڑھنا واجب ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

*وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!*

*الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!*

## دعاء استفتاح :

«سبحانک اللھم وبحمدک وتبارک اسمک وتعالی جدک ولاالہ غیرک» (جامع ترمذی)

کاتکبیر تحریمہ کے بعد اور قراءت سے پہلے پڑھنا واجب نہیں بلکہ سنت موکدہ ہے۔ نماز جنازہ میں اس کا پڑھنا مشروع نہیں ہے۔ لیکن ایسی نمازوں میں پڑھنا سنت ہے۔ جن میں رکوع اور سجود ہو مثلا فرض نمازیں سنن موکدہ وتر نماز جمعہ نماز عیدین استسقاء کسوف اور نماز تراویح وغیرہ۔ دعاء استفتاح اس کے سوا اور بھی ثابت ہے لہذا جو شخص حدیث سے ثابت دعاؤں اور اذکار کے ساتھ استفتاح کرے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ (شیخ ابن جبرین رحمۃ اللہ علیہ)

*ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب*

## [فتاویٰ اسلامیہ : جلد1]

## صفحہ نمبر 398

## محدث فتویٰ